**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX**

**MODEL EXAMINATION PAPER 2018**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time: 2 hours 10 minutes Marks: 45**

AKU-EB Model Paper 2018 for Teaching & Learning

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

**خصوصی ہدایت:**

2۔ اس پرچے میں کل **پانچ** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نا کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نا کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نا کیجیے۔

صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نا لکھیے۔ اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

**حصۂ نثر:**

سوال۔1 (کل 7 نمبر)

(الف) کہا جاتا ہے کہ 'جان ہے تو جہان ہے' لیکن نام دیومالی کو اپنے کام سے سچی لگن کی وجہ سے جان سے بھی ہاتھ دھونا پڑا۔ کیا ایسا کرنا ٹھیک ہے؟ اپنی رائے دیجیے۔ نیز اس سبق کے مصنف کا نام تحریر کیجیے۔ (4 نمبر)

AKU-EB Model Paper 2018 for Teaching & Learning

(ب) ' وہ مایوس ہو کر لڑکھڑاتی ہوئی دالان سے نکل آئی اور اپنی چارپائی پر پاؤں لٹکا کر بیٹھ گئی۔اسے اپنے ابّا پر غصّہ آرہا تھا کہ آخر وہ اس برائے نام روشنی پر قناعت کیوں کرتے ہیں؟مٹی کا تیل اسے روزانہ کیوں نہیں ملتا؟ جب کہ گلی کے نکّڑ والے خوب صورت گھر میں تمام رات بڑی بڑی لال ٹینوں کی روشنی ہوتی رہتی ہے ..........لیکن اس کا جھنجلایا ہوا دماغ یہ سوچ ہی نہ سکا کہ اگر تیل لڑے بھڑے ملنے بھی لگے تو اس مد کے لیے دو پیسے روز کس کے گھر سے آئیں گے،جب کہ اس کے باپ کو سخت محنت کی قیمت ملتی ہے کہ وہ جیے تو کیا، ہاں جینے کی بھونڈی سی نقل اتارتا رہے۔بالکل اس طرح جیسے سیاہ طاق میں رکھا ہوا چراغ ............... جس کی مدّھم روشنی پر چاروں طرف سے اندھیرا امنڈ رہا تھا ............'

i۔ درج بالا نثر پارے میں طرزِ تحریر کی کون کون سی خصوصیات نمایاں نظر آتی ہیں، کوئی سی دو تحریر کیجیے۔ (2 نمبر)

ii۔ حصہ (i) میں بیان کردہ کسی ایک خصوصیت کا نثر پارے میں سے حوالہ تحریر کیجیے۔ (1 نمبر)

AKU-EB Model Paper 2018 for Teaching & Learning

## حصۂ نظم:

سوال۔2 (کل 8 نمبر)

(الف) آپ کے نصاب میں شامل نظم 'صبح کا منظر' کس ہیئت (ساخت) میں لکھی گئی ہے؟ نیز اس نظم کے شاعر کا نام تحریر کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب)

سوچتا رہتا ہوں کب میرے وظیفے کی طرح
اُس کی بدحالی کا آتا ہے حکومت کو خیال

i۔ درج بالا شعر میں علمِ بیان کی کون سی اصطلاح استعمال ہوئی ہے؟ (1 نمبر)

ii۔ حصّہ (i) میں نشان دہی کی گئی اصطلاح کی تعریف لکھیے۔ (1 نمبر)

iii۔ وہ کون سا لفظ ہے جس سے آپ نے علمِ بیان کی اصطلاح کی نشان دہی کی؟ (1 نمبر)

iv۔ درج بالا شعر کس شاعر کا ہے؟ (1 نمبر)

AKU-EB Model Paper 2018 for Teaching & Learning

(ج)

اُسی نُور سے دفع ظلمت ہوئی
سرافراز ایماں سے خلقت ہوئی

درج بالا شعر کی تشریح کیجیے۔ (2نمبر)

AKU-EB
Model Paper 2018
for Teaching & Learning

**تبصرہ نگاری:**

سوال۔3 (کل 7 نمبر)

ایک دفعہ ابنِ انشا ٹوکیو کی ایک یونیورسٹی میں مقامی استاد سے گفتگو میں محو تھے۔جب گفتگو اپنے اختتام کو پہنچی تو وہ اُستاد ابنِ انشا کو الوداع کرتے ہوئے یونیورسٹی کے باہری لان تک چل پڑا۔ ابھی یونیورسٹی کی حدود میں ہی تھے کہ دونوں باتیں کرتے کرتے ایک مقام پر کھڑے ہوگئے۔ اُس دوران ابنِ انشا نے محسوس کیا کہ پیچھے سے گزرنے والے طلبہ اُچھل اُچھل کر گزر رہے ہیں۔باتیں ختم ہوئیں تو ابنِ انشا اجازت لینے سے پہلے یہ پوچھے بغیر نہ رہ سکے کہ "محترم! ہمارے پیچھے سے گزرنے والا ہر طالب علم اُچھل اُچھل کر کیوں گزر رہا ہے؟ اِس کی کوئی خاص وجہ؟" ٹوکیو یونیورسٹی کے استاد نے بتایا: "سورج کی روشنی سے ہمارا سایہ ہمارے پیچھے پڑ رہا ہے اور یہاں سے گزرنے والا ہر طالب علم نہیں چاہتا کہ اُس کے پاؤں اُس کے استاد کے سائے پر پڑیں۔اِس لیے ہمارے عقب سے گزرنے والا ہر طالب علم اُچھل اُچھل کر گزر رہا ہے۔" یہ قوم کیوں نہ ترقی کرے۔ ہمارے معاشرے میں تو استاد کا احترام اُس کے گریڈ اور عہدے سے منسلک ہے۔

ترقی یافتہ ممالک اور پاکستان میں اساتذہ کے مقام کو ذہن میں رکھتے ہوئے اوپر لکھے ہوئے واقعے پر تبصرہ کیجیے۔

AKU-EB Model Paper 2016 for Teaching & Learning

## تخلیقی تحریر:

سوال۔4 (کل 15 نمبر)

**پاکستان کے ماہر ڈاکٹر باہر جا رہے ہیں۔۔۔ان کی جگہ کون پُر کرے گا؟ (خبر)۔**




اخبار میں چھپنے والی خبر اور اس پر مبنی تصویری خاکے کے پس منظر میں کہانی یا روداد تحریر کیجیے۔

**ہدایات:**

1۔ اپنی تحریر کے لیے تصویر سے مطابقت رکھتا ہوا عنوان تجویز کیجیے۔

2۔ حالیہ واقعات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے پاکستان میں غیر سند یافتہ حکیموں کے علاج سے صحت کو پہنچنے والے نقصانات کا تذکرہ کیجیے۔

3۔ تصویر کی جزئیات کا بہ غور جائزہ لیتے ہوئے اس میں موجود کرداروں کے جذبات و احساسات شاملِ تحریر کیجیے۔

4۔ طنز یا مزاح کی خوبی کو اپنی تحریر کا حصہ بنائیے۔

5۔ لکھنے کے لیے جس صنف کا انتخاب کریں اُس پر ✓ کا نشان لگائیے۔

**کہانی / روداد**

AKU-EB Model Paper for Teaching & Learning

AKU-EB
Model Paper 2018
for Teaching & Learning

AKU-EB
Model Paper 2018
for Teaching & Learning

براہِ کرم صفحہ الٹیے

سوال۔5 (کل 8 نمبر)

| |
|---|
| ہم تکلیف کے جس مقام پر بھی ہوں، ہم سے آگے ضرور کچھ لوگ ہوتے ہیں۔ اُنھیں دیکھ کر ہمیں شُکر کی لاٹھی تھام لینی چاہیے تاکہ راستہ سہولت سے کٹ سکے۔ |

اپنے دوست/ اپنی سہیلی کے نام خط لکھیے اور اسے پیغام دیجیے کہ اس بیان میں موجود پیغام کو عام کرے تاکہ لوگ چھوٹے چھوٹے مسائل پر رونے کی بہ جائے بڑی نعمتوں کی قدر کریں۔

AKU-EB Model Paper 2018 for Teaching & Learning

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Model Paper 2018
for Teaching & Learning

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Model Paper 2018
for Teaching & Learning